مرآت العاشقین
اعلیٰ حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات عالیہ کا مجموعہ
یعلمهم الکتاب والحکمة
ویزکیهم
تصوف فاؤنڈیشن
١٤١٩ھ

پُرگوہر

اردو ترجمہ

مرآتُ العاشقین

اعلیحضرت خواجہ شمس الدّین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظاتِ عالیہ کا مجموعہ

مرتبہ

سیّد محمّد سعید رح

ترجمہ:

صاحبزادہ غلام نظام الدّین ایم اے مرلوی

تصوّف فاؤنڈیشن

لائبریری ○ تحقیق و تصنیف و تالیف و ترجمہ ○ مطبوعات

۲۴۹ ر این سمن آباد ــ لاہور ــ پاکستان

شوروم : المعارف ○ گنج بخش رح روڈ ○ لاہور

کلاسیک کُتب تصوّف : سلسلۂ اُردو تراجم

ناشر : ابونجیب حاجی محمّد ارشد قریشی
بانی تصوّف فاؤنڈیشن۔ لاہور

طابع : زاہد بشیر پرنٹرز۔ لاہور

سالِ اشاعت : ۱۴۱۹ھ — ۱۹۹۸ء

قیمت : ۱۵۰؍ روپے

تعداد : پانچ سو

واحد تقسیم کار : المعارف۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور۔ پاکستان

آئی ایس بی این — ۹۶۹ — ۵۰۶ — ۰۱۳ — ۷

تصوّف فاؤنڈیشن ابونجیب حاجی محمّد ارشد قریشی اور ان کی اہلیہ نے اپنے مرحوم والدین اور لختِ جگر کو ایصالِ ثواب کے لئے بطور صدقہ جاریہ اور یادگار یکم محرم الحرام ۱۴۱۹ھ کو قائم کیا جو کتاب و سُنّت اور سلف صالحین و بزرگانِ دین کی تعلیمات کے مطابق تبلیغ دین اور تحقیق و اشاعت کُتبِ تصوّف کے لیے وقف ہے۔

آنحضرتؐ سے پہلے کے پیغمبر مثلاً حضرت نوحؑ اور حضرت موسیٰؑ وغیرہ جب اپنی قوم کی جفاکاری اور بدکیشی سے تنگ آجاتے تو خدا سے بددعا کرتے جس سے ان کے تمام دشمن تباہ ہوجاتے
پھر فرمایا۔ خدا نے کسی قوم کو عذاب نہیں دیا جب تک کہ اس نے خدا کے مقبول بندوں کو تنگ کر کے لاچار نہ کردیا ہو۔ پھر یہ شعر پڑھا ؎

ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد
تا دلے از صاحبش نامد بدرد

ضمناً، بندہ نے عرض کیا کہ سبحان اللہ آنحضرتؐ کا حوصلہ اور اخلاق کس قدر بلند ہے۔ فرمایا۔ سابقہ پیغمبر جب اپنی اُمّت کی ایذارسانی سے تنگ آجاتے تو ان کے حق میں بددعا کرتے تھے، لیکن جب جنگ اُحد میں آنحضرتؐ کا دانت مُبارک شہید ہوا تو آپؐ نے فرمایا "اے اللہ میری قوم کو ہدایت بخش، یہ میرے مقام کو نہیں سمجھتے" چنانچہ آپؐ کی دُعا کی برکت سے اسلام کو اس قدر غلبہ حاصل ہوا کہ عرب و عجم میں ہر جگہ دینِ محمدی پھیل گیا، اور اگر کفار کے ٹولے سے چند لوگ باقی رہ گئے تو اس میں بھی یہ حکمت تھی کہ اہلِ اسلام میں سے چند لوگوں کو ان کی وجہ سے امتیاز ملا۔ آنحضرتؐ کے معجزات اور اخلاق و عادات، تفسیر اور حدیث کی کتابوں میں مذکور ہیں۔

ضمناً، مولوی معظم دین صاحب مرولوی نے عرض کیا کہ اُمّتِ محمدی کے اولیأ بھی فوق العادہ امور میں پیغمبرانِ سلف سے کم نہیں ہیں۔ فرمایا۔ یہ سعادت بھی آنحضرتؐ کی عظمت ہی کا ایک پرتو ہے۔

بعد ازاں، قاضی فیض احمد چھاچھی نے تجدیدِ بیعت کی درخواست کی۔ آپ نے اسے دوبارہ بیعت کیا اور فرمایا کہ۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ طالبِ صادق کو چاہیئے کہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے کسی کو تکلیف نہ پہنچائے، بلکہ اسے جس آدمی سے ایذا پہنچے، اس کے حق میں دعائے خیر کرے۔ اور یہ قابلِ افسوس چیز ہے کہ چھچھ کے اکثر لوگ متعصب ہوتے ہیں اور کسی کو اپنے جیسا نہیں سمجھتے، کسی کو کافر اور کسی کو فاسق قرار دیتے ہیں۔ اس نے عرض کیا کہ اب، ماشاء اللہ، آپ کی توجہ سے چھچھ کے اکثر لوگ نیک ہوگئے ہیں۔